Civics - FA Part 2 Civics Urdu Medium Chapter 1 Short Questions Test

Q1. ڈاکٹر جارج براس نے " آئیڈیالوجی" کی کیا تعریف کیے ہے

Ans 1: "عام زندگی کا ضابطہ یا کوئی پروگرام جس کی بنیاد ، فکر و فلسفہ، پر استوار ہو آیئڈیالوجی کہلاتا ہے".

Q2. سائنٹیفک سوسائٹی کا قیام کب عمل میں آیا.

Ans 1: سر سید نے غازی پور میں 1863 میں سائنٹیفک سوسائٹی کی بنیاد رکھی.

Q3. اردو ہندی تنازعہ کا آغاز کب ہوا.

Ans 1: اردو ہندی تنازعہ کا آغاز 1867 میں بنارس سے ہوا.

Q4. تحریک علی گڑھ کے اثرات بیان کریں.

Ans 1: 1- برصغیر کے مسلمانوں اور انگریز حکمرانوں کے درمیان غلط فہمیاں اور ایک دوسرے سے نفرت کم ہوگئی 2- مسلمان جدید علوم اور انگریزی زبان سیکھنے کی طرف راغب ہوگئے 3-تعلیم حاصل کرنے کے بعد مسلمانوں کو سرکاری ملازمتیں بھی ملنے لگیں اور ان کے معاشی حالات سدھرنے لگے. 4- انگریزی ادب اور سائنسی اور تحقیقی کتب کے اردو ترجمے ہوئے جن سے اردو زبان و ادب کو ترقی ملی.

Q5. مولوی نذیر احمد کے کتابوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: مراۃ العروس، بنات النعش ، توبتہ النصوح، ابن الوقت اور فسانہ مبتلا ہے۔.

Q6. پروفیسر جارج پطرس نے نظریہ کی تعریف کیسے کی ہے.

Ans 1: "ایسا لائحہ عمل ضابطہ یا پروگرام جس کی بنیاد فکر اور فلسفہ پر ہو نظریہ کہلاتا ہے".

Q7. مولانا الطاف حیسن حالی کی کتابوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: مسدس مدو جزر اسلام، ویوان حالی، موازنہ انیس و دبیر، حیات جاوید ، مقدمہ شعر وشاعری، یادگار غالب ، حیات سعدی اور شواہد الالہام۔ .

Q8. ورلڈ انسائیکلوپیڈیا میں نظریہ کی تعریف کیا ہے.

Ans 1: "نظریہ سیاسی اور تمدنی اصولوں کا مجموعہ ہے جس پر کسی قوم یا تہذیب کی بنیادیں استوار ہوتی ہیں. یہ کسی قوم یا ثقافت کے فطری نشوونما کے عمل میں مدغم بھی ہوسکتی ہے.

Q9. قائداعظم نے مارچ 1944 کو علی گڑھ یونیورسٹی میں تقریر کرتے کیا فرمایا.

Ans 1: "آپ نے غور فرمایا کہ پاکستان کے مطالبہ کا جذبہ محرک کیا تھا. مسلمانوں کے لیے ایک جداگانہ مملکت کی وجہ جواز کیا تھی. تقسیم ہند کی ضرورت کیوں پیش آئی. اس کی وجہ نہ ہندووں کی تنگ نظری ہے نہ انگریزوں کی چال، یہ اسلام کا بنیادی مطالبہ تھا.

Q10. ایم اے او سکول کی بنیاد کب رکھی.

Ans 1: 1857 میں علی گڑھ میں ایم اے او سکول کی بنیاد رکھی.جو کالج اور پھر یونیورسٹی کا درجہ اختیار کرگئی